سوال

شادیوں کے متعلق حدیث کی تحقیق

جواب

سوال : شادیوں کے متعلق اس حدیث کی صحت کے بارے معلومات درکار ہیں جو اس ویب سائٹ پر ہے چار چار شادیاں|Facebook

جواب : یہ سیدنا ابن عباس کا فرمان ہے۔ اس قول کے الفاظ کچھ یوں ہیں :

1- قال لی ابن عباس : تزوج فإن خیرنا کان أکثرنا نساء صلی اللہ علیہ وسلم

الراوي : سعید بن جبیر المحدث : أحمد شاکر - المصدر : مسند أحمد - الصفحة أو الرقم : 5/171

خلاصة حکم المحدث : إسنادہ صحیح

کہ ''امام سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ مجھ سے سیدنا عبداللہ بن عباس نے کہا : شادی کرو کیونکہ ہم میں سے سب سے بہترین (یعنی اللہ کے رسول ﷺ) سب سے زیادہ بیویوں والے تھے۔''

اس روایت کی سند صحیح ہے۔

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث